# اتوار 30اگست،2026

# مضمون۔ مسیح یسوع

**سنہری متن: یوحنا10 باب30آیت**

---

”میں اور باپ ایک ہیں۔“ مسیح یسوع

---

جوابی مطالعہ: **یسعیاہ7 باب14آیت**

**یسعیاہ11 باب2،5آیات**

**یسعیاہ9 باب2،6آیات**

14۔ لیکن خداوند آپ تم کو ایک نشان بخشے گا۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہو گی اور بیٹا جنے گی اور وہ اس کا نام عمانوائیل رکھے گی۔

2۔ اور خداوند کی روح اُس پر ٹھہرے گی۔ حکمت اور خرد کی روح، مصلحت اور قدرت کی روح، معرفت اور خداوند کے خوف کی روح۔

5۔ اور اُس کی کمر کا پٹکا راستبازی ہو گی اور اُس کے پہلو پر راستبازی کا پٹکا ہو گا۔

2۔جو لوگ تاریکی میں چلتے تھے انہوں نے بڑی روشنی دیکھی۔ جو موت کے سایہ کے ملک میں رہتے تھے اُن پر نور چمکا۔

6۔اس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہوااور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیااور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی۔

## درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ لوقا4باب14(تا:)،16تا18،20،21آیات

14۔پھر یسوع روح کی قوت سے بھرا ہوا گلیل کو لوٹا۔

16۔اور وہ ناصرت میں آیا جہاں اُس نے پرورش پائی تھی اور اپنے دستور کے موافق سبت کے دن عبادتخانہ میں گیا اور پڑھنے کو کھڑا ہوا۔

17۔اور یسعیاہ نبی کی کتاب اُس کو دی گئی اور کتاب کھول کر اُس نے وہ مقام نکالا جہاں لکھا تھا کہ۔

18۔خداوند کا روح مجھ پر ہے۔اِس لئے کہ اُس نے مجھے غریبوں کو خوشخبری دینے کے لئے مسح کیا۔اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ قیدیوں کو رہائی اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر سناؤں۔ کچلے ہوؤں کو آزاد کروں۔

20۔ پھر وہ کتاب بند کر کے اور خادم کو واپس دے کر بیٹھ گیا اور جتنے عبادتخانہ میں تھے سب کی آنکھیں اُس پر لگی تھیں۔

21۔وہ اُن سے کہنے لگا کہ آج یہ نوشتہ تمہارے سامنے پورا ہوا۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

## 2۔ متی 9باب 2تا 8آیات

2۔اور دیکھو لوگ ایک مفلوج کو چارپائی پر پڑا ہوا اُس کے پاس لائے۔یسوع نے اُن کا ایمان دیکھ کر مفلوج سے کہا بیٹا خاطر جمع رکھ تیرے گناہ معاف ہوئے۔

3۔اور دیکھو بعض فقیہوں نے اپنے دل میں کہا یہ کفر بکتا ہے۔

4۔یسوع نے اُن کے خیال معلوم کر کے کہا تم کیوں اپنے دلوں میں برا خیال لاتے ہو؟

5۔آسان کیا ہے۔یہ کہنا کہ تیرے گناہ معاف ہوئے یا یہ کہ اٹھ اور چل پھر؟

6۔لیکن اِس لئے کہ تم جان لو کہ ابنِ آدم کو زمین پر گناہ معاف کرنے کا اختیار ہے۔(اُس نے مفلوج سے کہا) اُٹھ اپنی چارپائی اُٹھا اور اپنے گھر چلا جا۔

7۔وہ اٹھ کر اپنے گھر چلا گیا۔

8۔لوگ یہ دیکھ کر ڈر گئے اور خدا کی تمجید کرنے لگے جس نے آدمیوں کو ایسا اختیار بخشا۔

## 3۔ مرقس 5باب 22تا 24(تا:)، 35(وہاں)، 36، 38تا 42آیات

22۔اور عبادتخانے کے سرداروں میں سے ایک یائیر نام آیا اور اُسے دیکھ کر اُس کے قدموں پر گرا۔

23۔اور یہ کہہ کر اُس کی بہت منت کی میری چھوٹی بیٹی مرنے کو ہے۔تُو آکر اپنے ہاتھ اُس پر رکھ کہ وہ اچھی ہو جائے اور زندہ رہے۔

24۔وہ اُس کے ساتھ چلا۔۔۔

35۔۔۔وہ یہ کہہ ہی رہا تھا کہ عباد تخانے کے سردار کے ہاں سے لوگوں نے آکر کہا تیری بیٹی مر گئی۔اب استاد کو کیوں تکلیف دیتا ہے؟

36۔جو بات وہ کہہ رہے تھے اُس پر یسوع نے توجہ نہ کر کے عبادت خانے کے سردار سے کہا خوف نہ کر فقط اعتقاد رکھ۔

38۔اور وہ عباد تخانے کے سردار کے گھر میں آئے اور اُس نے دیکھا کہ ہلڑ ہو رہا ہے اور لوگ بہت رو پیٹ رہے ہیں۔

39۔اور اندر جا کر اُن سے کہا تم کیوں غُل مچاتے اور روتے ہو؟لڑکی مر نہیں گئی بلکہ سوتی ہے۔

40۔وہ اُس پر ہنسنے لگے لیکن وہ سب کو باہر نکال کر لڑکی کے ماں باپ کو اور اپنے ساتھیوں کو لے کر جہاں لڑکی پڑی تھی اندر گیا۔

41۔اور لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر اُس سے کہا اے لڑکی میں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ۔

42۔وہ لڑکی فی الفور اٹھ کر چلنے پھرنے لگی کیونکہ وہ بارہ برس کی تھی۔اِس پر لوگ بہت حیران ہوئے۔

## 4۔ یوحنا 10 باب 27تا29 آیات

27۔میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں اور میں انہیں جانتا ہوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں۔

28۔اور میں اِنہیں ہمیشہ کی زندگی بخشتا ہوں اور وہ ابد تک کبھی ہلاک نہ ہوں گی اور کوئی انہیں میرے ہاتھ سے چھین نہ لے گا۔

29۔میرا باپ جس نے مجھے وہ دیں ہیں سب سے بڑا ہے اور کوئی انہیں باپ کے ہاتھ سے چھین نہیں سکتا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 5۔ مرقس 8باب 27(تا:)،29(تا پہلی ،)،29(جو)تا 31آیات

27۔ پھر یسوع اور اُس کے شاگرد قیصریہ فلپی کے گاؤں میں چلے گئے اور راہ میں اُس نے اپنے شاگردوں سے یہ پوچھا کہ لوگ مجھے کیا کہتے ہیں؟

29۔اُس نے اُن سے پوچھا لیکن تم مجھے کیا کہتے ہو؟ پطرس نے جواب میں اُس سے کہا تُو مسیح ہے۔

30۔ پھر اُس نے اُن کو تاکید کی کہ میری بابت کسی سے یہ نہ کہنا۔

31۔ پھر وہ اُن کو تعلیم دینے لگا کہ ضرور ہے کہ ابنِ آدم بہت دکھ اٹھائے اور بزرگ اور سردار کاہن اور فقیہہ اُسے رد کریں اور وہ قتل کیا جائے اور تین دن کے بعد جی اٹھے۔

## 6۔ متی 27باب 1،2(تا دوسری ،)،35(تا پہلی)،51،52،53(اور ظاہر ہوا)،54آیات

1۔جب صبح ہوئی تو سب سردار کاہنوں اور قوم کے بزرگوں نے یسوع کے خلاف مشورہ کیا کہ اُسے مار ڈالیں۔

2۔اور اُسے باندھ کر لے گئے اور پلاطوس حاکم کے حوالے کیا۔

35۔اور انہوں نے اُسے مصلوب کیا۔

51۔اور مقدس کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا اور زمین لرزی اور چٹانیں تڑک گئیں۔

52۔اور قبریں کھل گئیں اور بہت سے جسم اُن مقدسوں کے جو سو گئے تھے جی اُٹھے۔

53۔۔۔اور بہتوں کو دکھائی دیئے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

54۔ پس صوبہ دار اور جو اُس کے ساتھ یسوع کی نگہبانی کرتے تھے بھونچال اور تمام ماجرہ دکھ کر بہت ہی ڈر کر کہنے لگے کہ بے شک یہ خدا کا بیٹا تھا۔

## 7۔ متی 28 باب 1 تا 3، 5، 6 (تا پہلی۔)، 9 آیات

1۔ اور سبت کے بعد ہفتہ کے پہلے دن پو پھٹتے وقت مریم مگدلینی اور دوسری مریم قبر کو دیکھنے آئیں۔

2۔ اور دیکھو ایک بڑا بھونچال آیا کیونکہ خداوند کا فرشتہ آسمان سے اترا اور پاس آکر پتھر کو لڑھکا دیا اور اُس پر بیٹھ گیا۔

3۔ اُس کی صورت بجلی کی مانند تھی اور اُس کی پوشاک برف کی مانند سفید تھی۔

5۔ فرشتہ نے عورتوں سے کہا تم نہ ڈرو کیونکہ میں جانتا ہوں کہ تم یسوع کو ڈھونڈتی ہو جو مصلوب ہوا تھا۔

6۔ وہ یہاں نہیں ہے کیونکہ اپنے کہنے کے مطابق جی اُٹھا ہے۔

9۔ اور دیکھو یسوع اُن سے ملا اور اُس نے کہا سلام!

## 8۔ لوقا 24 باب 46، 48، 50 تا 53 آیات

46۔ اور اُن سے کہا یوں لکھا ہے کہ مسیح دُکھ اٹھائے گا اور تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھے گا۔

48۔ تم ان باتوں کے گواہ ہو۔

50۔ پھر وہ اُنہیں بیت عنیاہ کے سامنے تک باہر لے گیا اور اپنے ہاتھ اُٹھا کر اُنہیں برکت دی۔

51۔ جب وہ اُنہیں برکت دے رہا تھا تو ایسا ہوا کہ اُن سے جدا ہو گیا اور آسمان پر اٹھایا گیا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

52۔اور وہ اُس کو سجدہ کر کے بڑی خوشی سے یروشلیم کو لوٹ گئے۔

53۔اور ہر وقت ہیکل میں حاضر ہو کر خدا کی حمد کیا کرتے تھے۔

## سائنس اور صحت

### 1۔ 583:10۔11

مسیح۔خدا کا الٰہی اظہار، جو مجسم غلطی کو نیست کرنے کے لئے بدن کی صورت میں آتا ہے۔

### 2۔ 315:3۔10

مالک کے اِس قول نے کہ ”میں اور باپ ایک ہیں“ اُسے ربیوں کے روایتی نظریے سے منفرد بنایا۔خدا سے متعلق اُس کی بہتر سمجھ اُن کے لئے ڈانٹ ڈپٹ تھی۔وہ صرف ایک عقل سے واقف تھا اور کسی دوسرے پر اُس نے کوئی دعویٰ نہیں کیا۔وہ جانتا تھا کہ انا عقل تھی نہ کہ بدن تھا اور یہ کہ مادا، گناہ اور بدی عقل نہیں تھے؛ اور الٰہی سائنس کا یہ فہم اُس پر زمانے کی پھٹکار لانے کا موجب بنا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 3۔ 145: 12۔31

ہمارے مالک کا ایمان پر پہلا مضمون شفا تھا جو اُس نے اپنے طالب علموں کو پیش کیا، اور اُس نے اپنے کاموں سے اپنے ایمان کو ثابت کیا۔ قدیم مسیحی معالج تھے۔ مسیحت کا یہ عنصر کھو کیوں گیا ہے؟ کیونکہ ہمارا مذہبی نظام کم و بیش ہمارے طبّی نظاموں کے زیر اطاعت ہو گیا ہے۔ پہلی بت پرستی مادے پر یقین تھا۔ سکولوں نے خدائی پر ایمان کی بجائے، منشیات کے فیشن پر ایمان کو فروغ دیا ہے۔ مادے کے اپنے ہی مخالف کو تباہ کرنے کا یقین رکھتے ہوئے، صحت اور ہم آہنگی کو قربان کر دیا گیا ہے۔ اس قسم کے نظام روحانی قوت کی وحدت سے بنجر ہوتے ہیں، جس کے باعث مادی فہم سائنس کا غلام بنایا جاتا ہے اور مذہب مسیح کی مانند بن جاتا ہے۔

## 4۔ 145: 31۔32

کرسچن سائنس کے دائرہ کار میں بیماروں کو شفا دینا شامل ہے۔

## 5۔ 315: 11۔24

لوگوں کے مخالف اور جھوٹے نظریات نے مسیح کی خدا کے ساتھ فرزندگی کو اُن کے فہم سے چھپائے رکھا۔ وہ اُس کی روحانی وجودیت کا شعور نہ پا سکے۔ اُن کے جسمانی ذہن اِس کے ساتھ عداوت رکھتے تھے۔ اُن کے خیالات خدا کے اُس روحانی نظریے کی بجائے جسے مسیح یسوع نے پیش کیا فانی غلطی سے بھرپور تھے۔ خدا کی شبیہ جسے ہم گناہ کی بدولت نظر

---

بائبل کا یہ سبق پلیمن فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

انداز کر دیتے ہیں، جو سچائی کے روحانی فہم پر پردہ ڈالتی ہے، اور ہم اِس شبیہ کو صرف تبھی سمجھتے ہیں جب ہم گناہ کے زیر اثر ہوتے ہیں اور اِسے انسان کی وراثت ثابت کرتے ہیں، یعنی خدا کے فرزندوں کی آزادی مانتے ہیں۔

یسوع کے روحانی اصل اور سمجھ نے اُسے ہستی کے حقائق کو ظاہر کرنے کے، ناقابل تردید طور پر یہ ثابت کرنے کے قابل بنایا کہ کیسے روحانی سچائی مادی غلطی کو تباہ کرتی، بیماری کو ٹھیک کرتی اور موت پر فتح پاتی ہے۔

## 6۔ 398 :10۔13

ہیکل کے سردار کی بیٹی سے، جسے وہ مردہ کہہ رہے تھے مگر اُس نے جسے کہا، ”لڑکی مری نہیں بلکہ سوتی ہے،“ اُس نے بس اِتنا ہی کہا، ”اے لڑکی! میں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ!“

## 7۔ 410 :4۔14

یسوع کہتا ہے کہ ”یہ ہمیشہ کی زندگی ہے“، نہ کہ ہو گی، اور پھر وہ باپ اور خود کے موجودہ علم کے طور پر ابدی زندگی کی وضاحت کرتا ہے، یعنی محبت، سچائی اور زندگی کا علم۔ ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔ صحیفے کہتے ہیں، ”انسان صرف روٹی سے زندہ نہیں رہے گا، بلکہ ہر ایک لفظ سے جو خدا کے منہ سے نکلتا ہے،“ یہ ظاہر کرتا ہے کہ سچائی ہی انسان کی اصل زندگی ہے۔ لیکن بنی نوع انسان اس تعلیم کو عملی بنانے پر اعتراض کرتا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

خدا پر ہمارے ایمان کی ہر آزمائش ہمیں مضبوط کرتی ہے۔

## 8۔ 25-14:49

نیکی کو ظاہر کرنے والا حلیم شخص، انسان کا عظیم استاد اور دوست، اپنی زمینی زندگی کی قسمت کو صرف خدا کے وسیلہ ملا۔ کوئی انسانی آنکھ وہاں ترس کھانے کو، کوئی بازو اُسے بچانے کو نہیں تھا۔ جنہیں اُس نے برکت دی اُنہی کی طرف سے رد کیا ہوا، اعلیٰ اقتدار کے عہدے پر فائز خدا کا یہ نگہبان، آسمان کا سب سے زیادہ بھروسے کا حامل شخص، لا محدود روح کی تجدید کے وسیلہ تبدیل ہونے کو تیار تھا۔ اسے ثابت کرنا تھا کہ مسیح مادی حالات کے تابع نہیں ہے، بلکہ انسانی غضب کی پہنچ سے بالاتر ہے، اور سچائی، زندگی اور محبت کے ذریعے گناہ، بیماری، موت اور قبر پر فتح حاصل کرنے کے قابل ہے۔

## 9۔ 25-22:41

یسوع نے اِس کی پیش گوئی کی کہ کرسچن سائنس سمجھے جانے سے قبل کیسی پذیرائی پائے گی، مگر اِس پیشگی علم نے اُس کے آگے رکاوٹ کھڑی نہ کی۔ اُس نے خدا کا مقصد پورا کیا، اور پھر باپ کے داہنے ہاتھ جا بیٹھا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 10۔ 44:7۔10،10۔32

قبر میں اُس کے تین دن کے کام نے وقت پر ابدیت کی مہر ثبت کی۔اُس نے زندگی کو لازوال اور محبت کو نفرت کی اُستاد ثابت کیا۔

اُس کی راہ میں پتھریلی دیواریں تھیں،اور غار کے منہ پر ایک بڑا پتھر لڑھکایا گیا تھا؛لیکن یسوع ہر مادی رکاوٹ پر مغلوب ہوا،ہر مادی قانون پر فتح مند ہوااور اپنی تاریک رہائش گاہ سے باہر نکلا، شاندار کامیابی اور ایک ابدی فتح یابی کے جلال سے تاجدار بنا۔

ہمارے مالک نے مکمل طور پر اور فیصلہ کن انداز میں موت اور قبر پر اپنی فتح سے الٰہی سائنس کو واضح کیا۔یسوع کا کام انسان کی روشن خیالی اور پوری دنیا کی گناہ، بیماری اور موت سے نجات کے لئے تھا۔

## 11۔ 54:1۔7

اُس کی انسانی زندگی کی عظمت کے وسیلہ اُس نے الٰہی زندگی کو ظاہر کیا۔اُس کے خالص خلوص کی وسعت کے وسیلہ اُس نے محبت کی وضاحت کی۔ سچائی کی فراوانی سے اُس نے غلطی کو فتح کیا۔ دنیا نے، یہ نہ دیکھتے ہوئے،اُس کی راستبازی کو تسلیم نہ کیا، بلکہ زمین کو وہ ہم آہنگی نصیب ہوئی جسے اُس کے جلالی نمونے نے متعارف کیا تھا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 12۔ 315:7۔29

انسانی شبیہ اپناتے ہوئے (یعنی جیسا کہ فانی نظر کو دکھائی دیتا ہے)، انسانی ماں کے پیٹ میں حمل لیتے ہوئے، یسوع روح اور جسم کے مابین، سچائی اور غلطی کے مابین درمیانی تھا۔ الٰہی سائنس کی راہ کو واضح کرتے اور ظاہر کرتے ہوئے، وہ اُن سب کے لئے نجات کی راہ بن گیا جنہوں نے اُس کے کلام کو قبول کیا۔ بشر اُس سے یہ سیکھ سکتے ہیں کہ بدی سے کیسے بچا جائے۔ حقیقی انسان کا سائنس کی بدولت اپنے خالق سے تعلق استوار کرتے ہوئے، بشر کو صرف گناہ سے دور ہونے اور مسیح، یعنی حقیقی انسان اور خدا کے ساتھ اُس کے تعلق کو پانے اور الٰہی فرزندگی کو پہچاننے کے لئے فانی خودی سے نظر ہٹانے کی ضرورت ہے۔

## 13۔ 325:10۔19

کلسیوں (4:3) میں پولوس لکھتا ہے: ''جب مسیح جو ہماری زندگی ہے ظاہر کیا جائے گا] سامنے آئے گا[ تو تم بھی اُس کے ساتھ جلال میں ظاہر کئے] سامنے آ[ جاؤ گے۔'' جب روحانی ہستی کو اِس کی ساری کاملیت، تسلسل اور طاقت کے ساتھ سمجھا جاتا ہے، تو انسان خدا کی صورت پر پایا جائے گا۔ اِن رسولی الفاظ کا اصل مفہوم یہ ہے کہ: پھر انسان اُس کی صورت پر، باپ کی مانند کامل، زندگی میں لازوال، اُس الٰہی محبت میں سچائی کے ساتھ، ''مسیح کے ساتھ خدا میں پوشیدہ''، پایا جائے گا، جہاں انسانی فہم نے انسان کو نہیں دیکھا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 14۔ 264:28۔31

جب ہم کرسچن سائنس میں راستہ جانتے ہیں اور انسان کی روحانی ہستی کو پہچانتے ہیں، ہم خدا کی تخلیق کو سمجھیں اور دیکھیں گے، سارا اجلال زمین اور آسمان اور انسان کے لئے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی

---

*بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*